CIVIL SERVICES (MAIN) EXAM-2022

**CRNA–F–URD**

# اردو

## پرچہ—I

## (ادب)

| کل مارکس : 250 | مقررہ وقت : 3 گھنٹے |
|---|---|

### سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

### برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو ، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو کُل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین (3) کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو ، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔

اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

---

# URDU

## PAPER—I

## ( LITERATURE )

| Time Allowed : Three Hours | Maximum Marks : 250 |
|---|---|

### QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

**Please read each of the following instructions carefully before attempting questions**

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

munotes.in

## SECTION—A

1۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

10×5=50

(a) عہدِ حاضر کی ہند آریائی زبانوں کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(b) قدیم ہند آریائی کا تعارف کرائیے اور بتائیے کہ اس دور میں سنسکرت اور پراکرت زبانوں کی کیا اہمیت تھی؟

(c) جدید ہند آریائی زبانیں اور اردو کے ابتدائی نقوش پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(d) وسطی ہند آریائی کے ارتقائی تین ادوار پر تفصیل سے بحث کیجیے۔

(e) دکنی اردو کی صرفی و نحوی خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔

munotes.in

2۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) برج بھاشا کو مغربی ہندی کی نمائندہ بولی اور شور سینی اپ بھرنس کی سچی جانشین کیوں کہا جاتا ہے؟ اظہارِ خیال کیجئے۔ 20

(b) ہریانوی اور اردو زبان کی ثقافتی مماثلت پر ایک لسانیاتی جائزہ پیش کیجیے۔ 15

(c) لسانی طور پر کھڑی بولی اور اردو کے رشتے پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ 15

3۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) دکنی زبان اور اردو زبان کے قدیم ادب کے مشترک خصوصیات کو اجاگر کیجیے۔ 20

(b) دکن میں اردو نثر کے آغاز و ارتقا پر تنقیدی مضمون تحریر کیجیے۔ 15

(c) دکن کے صوفی شعراء کے کلام میں تہذیبی و سماجی عناصر پر مدلل بحث کیجیے۔ 15

4۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو زبان کی نشو نما میں سماجی اور تہذیبی پس منظر کا خاکہ پیش کیجیے۔ 20

(b) اردو رسم الخط کے ارتقا اور امتیازی پہلوؤں پر اظہار خیال کیجیے۔ 15

(c) اردو زبان کے صوتی آہنگ پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔ 15

## SECTION—B

5۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔ 10×5=50

(a) جدید اردو نظم کا فکری اور فنی پس منظر پیش کیجیے۔

(b) معاصر اردو غزل کی شعریات پر روشنی ڈالیے۔

(c) اردو افسانے کے فن سے بحث کیجیے۔

(d) اردو میں مکتوب نگاری کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(e) اردو میں ناول نگاری کے ارتقا کا خاکہ پیش کیجیے۔

6۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) دبستان لکھنؤ کی ادبی خدمات کا اجمالی خاکہ پیش کیجیے۔ 20

(b) اردو میں جدیدیت کا تصور اور فکری پس منظر پر تفصیل سے بحث کیجیے۔ 15

(c) ترقی پسند شاعری کی ادبی و فکری اساس پر اظہار خیال کیجیے۔ 15

munotes.in

**7.** حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) کلیم الدین احمد کا تصور نقد اور نقد شعر پر ناقدانہ تبصرہ کیجیے۔ 20

(b) آل احمد سرور کی ''خودنوشت خواب باقی ہیں'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ 15

(c) پروفیسر احتشام حسین کی تنقید نگاری پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔ 15

**8.** حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) سوشل میڈیا کی ترقی اور اردو زبان کے موجودہ منظرنامے پر ایک مدلل نوٹ لکھیے۔ 20

(b) اردو ادب میں سائنس کی شمولیت پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔ 15

(c) اردو ادب میں آفاقی روایات پر خامہ فرسائی کیجیے۔ 15

★★★

munotes.in